انڈسٹری نوٹس # 17-08
برائے فوری اجراء

29 جون 2017

Taxi & Limousine Commission

**Meera Joshi**
کمشنر/چیئر

Allan J. Fromberg
معاملات عامہ
frombera@tlc.nyc.gov

Rebecca Harshbarger
معاملات عامہ
harshbargerR@tlc.nyc.gov

**33 Beaver Street**
**New York, NY 10004**

# TLC UP: ڈرائیور اور گاڑی کی نئی درخواستوں کے لیے ڈیجیٹل طور سے دستاویزات اپ لوڈ کریں

TLC ڈرائیور یا گاڑی کے نئے لائسنس کے لیے درخواست دہندگان اب مطلوبہ دستاویزات کمپیوٹر یا موبائل آلہ استعمال کرتے ہوئے بذریعہ TLC UP آن لائن طریقے سے جمع کروا سکتے ہیں۔ نئی سروس مطلوبہ دستاویزات بذریعہ ای میل یا ڈاک سے بھجوانے کی ضرورت کا خاتمہ کرتی ہے جس سے درخواست دہندگان کا وقت بچتا ہے اور زیادہ سہولت ہوتی ہے۔

درخواست دہندگان مطلوبہ دستاویزات، جیسا کہ بیمہ کی دستاویزات، ریاستی ڈرائیونگ لائسنس اور طبی فارم کی نقول، اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ یہ دستاویزات بہت سے مختلف فارمیٹس میں، بشمول اسکین شدہ دستاویزات اور تصویر کا امیج، اپ لوڈ کی جا سکتی ہیں۔

TLC UP درخواست دہندہ کو اپنی درخواست کی کیفیت کو آسانی سے چیک کرنے، کم دستاویزات وغیرہ کے بارے میں جاننے، اور اس بات کی تصدیق کے لیے کہ آیا جمع شدہ دستاویزات کو TLC کی طرف سے قبول کر لیا گیا ہے، کا موقع دیتا ہے۔

آپ TLC کے ویب صفحہ www.nyc.gov/tlcup پر TLC UP تک رسائی حاصل کر سکتے/سکتی ہیں۔ TLC UP کو کیسے استعمال کیا جائے، یہ معلومات https://www.youtube.com/user/NYCTaxiChannel پر TLC لائسنسنگ کی پلے لسٹ میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

TLC UP میں لاگ ان کرنے کے لیے آپ کو مندرجہ ذیل معلومات درکار ہوں گی:

- آپ کی TLC درخواست کا نمبر (LARS کی رسید پر موجود ہوتا ہے)،
- آپ کا ڈاک کا زپ کوڈ (درخواست جمع کرواتے وقت درج کیا گیا تھا)، اور
- آپ کے SSN یا EIN کے آخری پانچ ہندسے

موجودہ طور پر TLC UP صرف ڈرائیور یا گاڑی کے درخواست دہندگان کے لیے ہی دستیاب ہے۔